# پریس کانفرنس

حیدرآباد۔۔۔16مئی2010ء

معزز صحافی حضرات!

السلام علیکم!

سب سے پہلے تو اس پریس کانفرنس میں شرکت کرنے پر ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔آج کی پریس کانفرنس کا مقصد آپ اور آپ کے توسط سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر بالخصوص صوبہ پنجاب کے عوام کی جانب سے ایم کیوایم کو حاصل ہونے والی پذیرائی سے آگاہ کرنا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ صوبہ پنجاب میں ہونے والے پنجاب کنونشن کی فقید المثال کامیابی کے بعد صوبہ سندھ بالخصوص اندرون سندھ میں مزید بہتر انداز سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ اور غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے ملک بھر کے عوام کو آگاہ کرنا ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف نہ صرف جدوجہد کررہی ہے بلکہ ملک میں غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی تعلیم یافتہ اور ایماندار قیادت متعارف کرانے کیلئے بھی ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ ماہ 25اپریل کو ایم کیوایم نے پنجاب کے تین شہروں میں بیک وقت کنونشن کا انعقاد کیا اور پنجاب میں ایم کیوایم کے کنونشن کی تاریخ ساز کامیابی کے بعد قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور تحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے سندھ میں آج سے پہلے مرحلے میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کیا جارہا ہے۔اس کے بعد سندھ کے دوشہروں بھٹ شاہ اور لاڑکانہ میں ''سندھ کنونشن'' کا انعقاد کیا جائے گا جن سے قائد تحریک جناب الطا ف حسین ٹیلی فون پر خطاب کریں گے۔

معزز صحافی حضرات!

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ گزشتہ کئی برسوں سے صوبہ سندھ میں ایم کیوایم کا تنظیمی نیٹ ورک قائم ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ ساتھ ہمارا تنظیمی کام بہتر سے بہتر ہورہا ہے۔سندھ میں ایم کیوایم کے تنظیمی نیٹ ورک کو مزید مستحکم اور مربوط بنانے کیلئے سندھ میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔ایم کیوایم کے تحت رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں سندھ بھر کے تمام اضلاع میں کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا جہاں سندھ بھر کے عوام کو ایم کیوایم میں شمولیت کی دعوت دی جائے گی۔دوسرے مرحلے میں 28 مئی 2010ء کو بھٹ شاہ میں ''سندھ کنونشن'' کا انعقاد کیا جائے گا جس میں ایم کیوایم کے 9 ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان شرکت کریں گے جبکہ تیسرے مرحلے میں سندھ کے شہر لاڑکانہ میں بھی ''سندھ کنونشن'' منعقد کیا جائے گا جس کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

معزز صحافی حضرات!

یہ بات آپ کے علم میں ہوگی ایم کیوایم پاکستان کی بقاء وسلامتی اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے کوشاں ہے اور چاہتی ہے کہ ملک وقوم کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے چنگل سے نجات دلائی جاسکے اور ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا انقلاب لایا جاسکے۔ایم کیوایم کی اس حق پرستانہ جدوجہد کو ملک بھر کے مظلوم عوام قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں اور جوق درجوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔پاکستان کے مختلف سیاسی ومذہبی اور سماجی تنظیموں کے کارکنان اور حقوق سے محروم دیگر عوام کی جانب سے ایم کیوایم میں شمولیت کا سلسلہ نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک بھر کے مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اور اب فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عوام میں شعوری بیداری کا آغاز ہوچکا ہے۔انشاء اللہ یہ سلسلہ جاری رہے گا اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور وڈیرانہ نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ نہیں ہوجاتا ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی۔ہمیں کامل یقین ہے کہ حق پرستی کا یہ قافلہ تمام تر نامساعد حالات کے باوجود چلتا رہے گا اور اپنی منزل پر پہنچ کر دم لے گا۔

معزز صحافی حضرات!

ہم آپ کے توسط سے سندھ بھر کے مظلوم ہاری، کسان، محنت کش، طلبہ وطالبات، دانشوروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ پاکستان کو

مضبوط اور مستحکم بنانے ،فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے اور غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کی جدوجہد میں ایم کیوایم کا بڑھ چڑھ کر ساتھ دیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد کو کامیاب بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم اور 28 مئی کو بھٹ شاہ میں منعقد ہونے والے ''سندھ کنونشن'' میں بھرپور شرکت کر کے ثابت کردیں کہ اب پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام اور موروثی سیاست کے دن گنے جا چکے ہیں اور ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا انقلاب مقدر بن چکا ہے۔

ہم اس پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر آپ تمام صحافی حضرات کے مشکور وممنون ہیں۔

والسلام

ڈاکٹر فاروق ستار

ڈپٹی کنوینز و اراکین رابطہ کمیٹی

متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان)

☆☆☆☆☆